سوال

(145) پیشاب کے قطروں کے عارضہ میں مبتلا شخص کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترم مجھے پیشاب کے قطرے آنے کا عارضہ ہے ۔ نماز میں میرے لیے کیا حکم ہے ؟ کیا بار بار وضو کرنا پڑے گا یا صرف ایک ہی وضو سے نماز پڑھتا رہوں ؟ اور پھر کپڑے کے بارے میں کیا حکم ہے ممکن ہے قطرہ کپڑے سے بھی لگ جاتا ہو۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پیشاب کے قطرہ کی بیماری کی صورت میں حکم یہ ہے کہ ہر نماز کے وقت ایک دفعہ وضو کرلیا کریں کافی ہے ۔ جب شرمگاہ کو دھوئیں تو لنگوٹی باندھ لیں تاکہ نجاست پھیل کر کپڑوں اور بدن کو نہ لگے ۔ قرآن میں ہے : فَاتَّقُوا اللَّهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ (التغابن : ١٦)، لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا (البقرۃ : ٢٨٦)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الطہارۃ : صفحہ :158

محدث فتویٰ